www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI
1
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
Edition:
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
NEW DELHI (CITY) Pages: 12 ₹ 4/- Vol:23 Issue :8487
●ایثار ●فرض شناسی ●حب الوطنی «یعنی مکمل سچ» پیر 4/رمضان المبارک 1444ھ شمارہ نمبر:8487 سال:23
Monday 27 March 2023

10

آئی پی ایل میں دہلی کیپٹلز کو رشبھ پنت کی کمی محسوس ہوگی: گانگولی

راہل کی لوک سبھا رکنیت کی منسوخی کیخلاف کانگریس کی ملک گیر سنکلپ ستیہ گرہ

پارلیمنٹ میں میرے والد کی توہین کی گئی ☐ یہ لوگ شہید کے بیٹے کو غدار کہتے ہیں اور کتنی توہین کریں گے ☐ ملک کے وزیراعظم بزدل: پرینکا

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی لوک سبھا رکنیت کی منسوخی کے خلاف اتوار کو کانگریس ملک بھر میں سنکلپ ستیہ گرہ کر رہی ہے۔ پرینکا گاندھی، ملکارجن کھڑگے، ادھیر رنجن جیسے بڑے لیڈر صبح سویرے راج گھاٹ پہنچ گئے۔ پولیس نے یہاں دفعہ 144 نافذ کر دی لیکن اس کے باوجود رہنما اور کارکنان وہاں پہنچے۔ دوسری طرف راہل گاندھی نے اتوار کو ٹویٹر پر اپنا بایو تبدیل کر دیا۔ انہوں نے خود کو نااہل رکن اسمبلی لکھ دیا ہے۔

پرینکا گاندھی نے کہا کہ آج تک ہم خاموش رہے، اس لیے آپ ہمارے خاندان کی توہین کرتے رہے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ایک آدمی کی کتنی توہین کروگے۔ میرے خلاف مقدمہ درج کردو لیکن سچ یہ ہے کہ اس ملک کا وزیراعظم بزدل ہے۔ 24 مارچ کو لوک سبھا سکریٹریٹ نے راہل گاندھی کو نااہل قرار دے دیا تھا۔ راہل کیرالہ کے وایناڈ سے ایم پی تھے۔ راہل کو ہتک عزت کے ایک مقدمہ میں 2 سال کی سزا سنائے جانے کے بعد یہ کارروائی کی گئی۔ واضح رہے کہ 2019 میں راہل نے کرناٹک اسمبلی میں مودی کنیت کے حوالے سے بیان دیا تھا۔ پرینکا گاندھی نے کہا کہ پارلیمنٹ میں میرے والد کی توہین کی گئی۔ یہ لوگ شہید کے بیٹے کو غدار، میر جعفر کہتے ہیں۔ ایک وزیراعلیٰ کا یہاں تک کہنا ہے کہ راہل کو یہ بھی نہیں معلوم کہ ان کے والد کون ہیں۔ آپ کا وزیراعظم بھری پارلیمنٹ میں کہتا ہے کہ ہمارا خاندان نہرو کا نام کیوں استعمال کرتا ہے۔ آپ کو کوئی سزا نہیں ملتی اور نہ ہی پارلیمنٹ سے نکالا جاتا ہے۔ سورت میں جس شخص نے راہل گاندھی کے خلاف شکایت درج کروائی تھی وہ عدالت میں گیا اور اپنے ہی کیس کو 1 سال تک روکنے کو کہا، لیکن راہل گاندھی نے اڈانی پر پارلیمنٹ میں تقریر کرنے کے بعد کیس کو دوبارہ کھول دیا۔ مقدمہ کی سماعت ایک ماہ کے اندر ہوئی اور راہل کو مجرم قرار دیا گیا۔ آج تک ہم خاموش رہے، آپ ہمارے خاندان کی توہین کرتے رہے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ ایک آدمی کی کتنی توہین کروگے۔ میرا بھائی پی ایم کے پاس گیا، انہیں گلے لگایا اور کہا کہ میں آپ سے نفرت نہیں کرتا۔ ہمارا نظریہ مختلف ہے لیکن ہمارے پاس نفرت کا نظریہ نہیں ہے۔ کیا بھگوان رام اور پانڈو خاندان پرست تھے؟ اگر ہمارا خاندان ملک کے لیے شہید ہوا تو کیا ہمیں شرم آنی چاہیے؟ ہمیں ذلیل کرکے آپ سمجھتے ہو کہ ہم خوفزدہ ہو جائیں گے، ہم مزید مضبوطی سے لڑیں گے۔ ہم آج بھی ملک کی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ملک کے عوام یہ دکھائی نہیں دے رہا ہے کہ ان کی تمام جائیدادیں لوٹی جارہی ہیں۔ جو ڈکٹیٹر ہوتے ہیں وہ سوال اٹھانے والوں کو دبانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس اڈانی میں ایسا کیا ہے کہ وہ اسے بچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہمیں اس بارے میں سوچنا ہوگا۔ راہل گاندھی نے دنیا کے 2 نامور اداروں ہارورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی میں اپنی تعلیم مکمل کی اور وہ انہیں 'پپو' کہنے لگے، لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ وہ تو 'پپو' ہیں ہی نہیں، وہ تو ایماندار ہیں اور عام آدمی کے مسائل کو سمجھتے ہیں۔ ایک آدمی کنیا کماری سے کشمیر تک کیوں چلا؟ اس میں برابری، اتحاد کا احساس تھا۔ آج میڈیا، وزرا اور ممبران پارلیمنٹ کہہ رہے ہیں کہ راہل گاندھی نے بیرون ملک جا کر ملک کی توہین کی ہے۔ جو آدمی عوام کی آواز اٹھا رہا ہے، وہ ملک کی توہین کرسکتا ہے؟ وہ غریبوں اور بے روزگاروں کے حقوق مانگ رہا ہے۔ اپنے حقوق کے لیے لڑ رہا ہے۔ ستیہ گرہ کے دوران پرینکا کے بیانات پر پلٹ وار کرتے ہوئے بی جے پی نے پریس کانفرنس کی۔ بی جے پی لیڈر سدھانشو ترویدی نے کہا کہ راہل کی رکنیت قانون کے مطابق گئی ہے۔ کانگریس عدالت کے فیصلے کے خلاف احتجاج میں ہی ستیہ گرہ کر رہی ہے۔ گاندھی خاندان خود کو قانون سے بالاتر سمجھتا ہے۔

کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے کہا کہ جب راہل گاندھی نے یہ مسئلہ اٹھایا تو وہ (بی جے پی) انہیں دبانے کے لیے ہتک عزت کے کیس کا تماشا بنا رہے ہیں۔ یہ ایک سازش ہے۔ جس کے خلاف راہل گاندھی لڑ رہے ہیں۔ پوری کانگریس پارٹی ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ ستیہ گرہ صرف آج کے لیے ہے لیکن ایسے ستیہ گرہ پورے ملک میں کیے جائیں گے۔ راہل گاندھی عام لوگوں کے لیے لڑ رہے ہیں۔ یہ بیان راہل گاندھی نے کرناٹک میں دیا تھا لیکن معاملہ گجرات منتقل ہوگیا تھا۔ بی جے پی کے پاس کرناٹک میں ہتک عزت کا مقدمہ دائر کرنے کی طاقت نہیں تھی۔ سلمان خورشید نے کہا کہ انہیں (راہل گاندھی کو) ایک قانون کے تحت ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ اپیل ہی اسے الٹنے کا واحد طریقہ ہے۔ ایک وکیل کی حیثیت سے میں واضح طور پر بتا سکتا ہوں کہ فیصلے میں کئی خامیاں ہیں۔ ششی تھرور نے کہا کہ یہ (ستیہ گرہ) صرف کانگریس یا راہل گاندھی کے لیے نہیں ہے، یہ ہندوستانی جمہوریت کے لیے ہے۔ ہماری جمہوریت جسے ہمارے وزیراعظم ہندوستان کو دنیا میں جمہوریت کی ماں کہتے ہیں، جہاں اپوزیشن کے اہم لیڈر کو پارلیمنٹ میں آواز اٹھانے کی اجازت نہیں ہے۔ کیا یہ ہمارے ملک کے لیے اچھا ہے؟ یہ اس نظام کے لیے ہے جس میں لوگوں کو بولنے کی، اپنے خیالات کا اظہار کرنے کی، حکومت کو سوالات کے ساتھ چیلنج کرنے اور انہیں جوابدہ ٹھہرانے کی آزادی ہو۔ یہ اپوزیشن کا وژن تھا جس کے لیے خود پی ایم مودی نے اپیل کی تھی۔ راجستھان کے وزیراعلیٰ اشوک گہلوت نے کہا کہ میں نے پہلی بار دیکھا ہے کہ کوئی مسئلہ سامنے آیا ہے، الزامات لگائے جاتے ہیں لیکن لیڈر اس کا جواب دینے کو تیار نہیں ہیں۔ آزادی کے بعد پہلی بار میں نے دیکھا ہے کہ کوئی وزیراعظم جواب نہیں دے رہا ہے۔ جواب تو دور کی بات، وزیراعظم اڈانی کا نام بھی لینے کو تیار نہیں۔

راہل گاندھی نے ٹویٹر پر خود کو 'نااہل ممبر پارلیمنٹ' لکھا



Rahul Gandhi
Follow
Rahul Gandhi
This is the official account of Rahul Gandhi | Member of the Indian National Congress | Dis'Qualified MP

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

سورت کی عدالت سے 2 سال کی سزا اور پھر لوک سبھا کی رکنیت منسوخ ہونے کے بعد سے کانگریس لیڈر راہل گاندھی بی جے پی حکومت پر حملہ آور ہیں۔ آج کانگریس کارکن راہل کی حمایت میں ملک بھر میں ستیہ گرہ کر رہے ہیں۔ اس دوران راہل گاندھی نے بھی منفرد انداز میں اپنا احتجاج درج کیا۔ راہل نے اپنے ٹویٹر اکاؤنٹ کا بایو اپ ڈیٹ کیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ راہل نے ٹویٹر پر خود کی طرف سے دی گئی معلومات کو تبدیل کیا ہے۔ اس میں انہوں نے خود کو نااہل رکن پارلیمنٹ لکھ دیا ہے۔ راہل کے ٹویٹر اکاؤنٹ پر لکھا ہے کہ 'یہ راہل گاندھی کا آفیشل اکاؤنٹ ہے۔ ممبر، انڈین نیشنل کانگریس'۔ اس کے بعد آخر میں انہوں نے لکھا ہے 'نااہل ایم پی'۔

دہلوی امیونٹی کا رکھے خیال۔
آئرووِیٹا®
خون کی کمی اور انیمیا کی علامات
آئرن ٹانک سے کہیں بہتر
FARAK PADTA HAI
Also Available on: amazon | healthmug
DEHLVI Ambar Herbals Pvt. Ltd.
HELP LINE NO. 9336525129
E-mail : dehlviambar@yahoo.com

سارس کے دوست عارف کو نوٹس!

امیٹھی، (یو این آئی) ریاستی پرندے سارس سے دوستی کرکے سرخیوں میں آئے عارف کو محکمہ جنگلات نے وائلڈ لائف پروٹیکشن ایکٹ کا حوالہ دیتے نوٹس جاری کرکے طلب کیا ہے۔ تسلی بخش جواب نہ ملنے پر محکمہ جنگلات عارف کے خلاف کارروائی کرسکتا ہے۔ دوسری طرف سارس کا نیا ٹھکانہ کانپور زولوجیکل پارک بن گیا ہے۔ سارس کو ہفتہ کی دیر شام نواب واجد علی شاہ زولوجیکل پارک، لکھنؤ کے ڈاکٹروں اور عملے کی نگرانی میں سمس پور برڈ سینکچری سے کانپور لایا گیا اور 15 دن کیلئے کوارنٹائن کردیا گیا۔ امیٹھی ضلع کے منڈکھا کے رہنے والے عارف سارس سے دوستی کرکے سوشل میڈیا پر کافی سرخیاں حاصل کرچکے ہیں۔ ایس پی کے صدر اکھلیش یادو گزشتہ 5 مارچ کو سارس اور عارف کی دوستی کے بارے میں قریب سے جاننے کیلئے عارف کے گھر پہنچے اور انہوں نے یہ معلومات ٹوئٹر پر تصویروں کے ذریعے شیئر کی۔ یہیں سے عارف کیلئے مشکلات شروع ہوگئیں۔ 9 مارچ کو سب ڈویژنل فارسٹ آفیسر نے عارف کو نوٹس جاری کردیا۔ ابھی یہ نوٹس عارف تک نہیں پہنچا تھا کہ 21 مارچ کو چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ کے حکم پر ریاستی پرندے سارس کو عارف سے الگ کرکے رائے بریلی کے سمس پور برڈ سینکچری پہنچادیا گیا۔ عارف ابھی اس درد سے سنبھل بھی نہیں پائے تھے کہ اب محکمہ جنگلات کے گوری گنج رینج کے اسسٹنٹ فارسٹ گارڈ رنویر مشرا کا جاری کردہ نوٹس سوشل میڈیا پر وائرل ہونے لگا۔ پورے معاملے کی جانچ اسسٹنٹ کنزرویٹر آف فاریسٹ رنویر مشرا کو سونپی گئی ہے۔ رنویر مشرا نے عارف کو نوٹس جاری کرتے ہوئے پوچھ گچھ کیلئے 2 اپریل کو صبح 11 بجے اپنے دفتر میں طلب کیا ہے۔

اسرو کا اہم مشن کامیاب

سری ہری کوٹا، (یو این آئی) ہندوستانی خلائی تحقیقی تنظیم (اسرو) نے اتوار کو یہاں شار رینج سے ایک وقف شدہ دوسرے تجارتی لانچ میں ایل وی ایم-ایم 3 مشن کو کامیابی کے ساتھ پورا کرنے کے ساتھ ہی برٹین ون ویب کے سبھی 36 سیٹلائٹس کو زمین کے نچلے مدار میں (ایل ای او) میں نصب کیا۔ ایل وی ایم 3-راکٹ نے ساڑھے 24 گھنٹے کی الٹی گنتی کے بعد شار لانچ سینٹر کے دوسرے نمبر کے لانچ پیڈ سے صبح 9 بجے مقررہ وقت پر اڑان بھری اور سیٹلائٹس کو ایل ای او مدار میں قائم کردیا۔ 36 سیٹلائٹس کا کل وزن تقریباً 5,805 کلوگرام تھا۔ اسرو نے کہا کہ تقریباً 20 منٹ بعد تمام 36 سیٹلائٹس کو لانچ وہیکل سے الگ کردیا گیا اور مرحلہ وار انداز میں 450 کلومیٹر کی بلندی پر زمین کے مدار میں نصب کردیا۔ اسرو نے کہا کہ موجودہ مشن، ایل وی ایم-ایم 3، نیوز اسپیس انڈیا لمیٹڈ (این ایس آئی ایل) کا برطانیہ کے لیے دوسرا وقف تجارتی سیٹلائٹ مشن ہے۔ مشن کی کامیابی کے بعد، اسرو نے ٹویٹ کیا کہ ایل وی ایم 3 ایم 3/ون ویب انڈیا 2- مشن مکمل ہوگیا! تمام 36 ون ویب جین 1- سیٹلائٹس کو مطلوبہ مدار میں رکھا گیا تھا۔ اپنی مسلسل چھٹی کامیاب پرواز میں، ایل وی ایم 3 نے زمین کے نچلے مدار میں 5,805 کلوگرام پے لوڈ کو کامیابی کے ساتھ داخل کیا۔

دھرم شالہ اور دہلی کے درمیان براہ راست پرواز شروع

کولکاتہ، (یو این آئی) ملک کی معروف ایئر لائن انڈیگو نے اتوار کو دھرم شالہ سے دہلی کے درمیان براہ راست پروازیں شروع کیں جو اس کی 78 ویں گھریلو اور مجموعی طور پر 104 ویں منزل ہے۔ کمپنی کی اس پہل سے ایئر لائن ہماچل پردیش میں داخل ہوئی ہے۔ اس سہولت کے متعارف ہونے سے ہماچل کا گھریلو رابطہ مضبوط ہوگا اور گرمیوں کے موسم میں صارفین کے لیے سفر زیادہ کفایتی اور پریشانی سے پاک ہو جائے گا۔ اس موقع پر بات کرتے ہوئے انڈگو گلوبل سیلز کے سربراہ ونے ملہوترا نے کہا کہ ہمیں ہماچل پردیش کی پرسکون وادیوں سے گزرتے ہوئے 6ای نیٹ ورک میں 78 ویں گھریلو منزل، دھرم شالہ سے اپنے آپریشنز کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے بے حد خوشی ہو رہی ہے۔

شمسی توانائی میں ہندوستان کی ترقی دنیا کیلئے موضوع بحث

لوگوں کو اعضا عطیہ کیلئے آگے آنا چاہیے ☐ خواتین ہر میدان میں اپنا پرچم لہرا رہی ہیں ☐ 'من کی بات' پروگرام میں وزیراعظم کا اظہار خیال

نئی دہلی، (یو این آئی)

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قابل تجدید توانائی کے شعبے میں ہندوستان کی ترقی پوری دنیا میں بحث کا موضوع ہے اور ہر ہندوستانی شمسی توانائی کی اہمیت کو سمجھ رہا ہے۔ مسٹر مودی نے اتوار کے روز آکاشوانی پر اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات کے 99 ویں ایڈیشن میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا صاف ستھری توانائی، قابل تجدید توانائی کی بات کر رہی ہے۔ پوری دنیا کے لوگ یقینی طور پر اس شعبے میں ہندوستان کی غیر معمولی کامیابی کے بارے میں بات کرتے ہیں۔ ہندوستان نے شمسی توانائی کے شعبے میں ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے لوگوں کا سورج کے ساتھ صدیوں سے ایک خاص رشتہ رہا ہے۔ سورج کی طاقت کے بارے میں ہمارے پاس جو سائنسی سمجھ رہی ہے، سورج کی پوجا کی جو روایت رہی ہے، وہ دوسری جگہوں پر کم ہی نظر آتی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ آج ہر ملک کا شہری شمسی توانائی کی اہمیت کو سمجھ رہا ہے اور صاف ستھری توانائی میں اپنا تعاون دینا چاہتا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں سے اعضاء عطیہ کیلئے آگے آنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اس کیلئے قانون میں بھی اصلاحات کی جارہی ہیں۔ مسٹر مودی نے کہا کہ جدید طبی سائنس کے اس دور میں اعضاء کا عطیہ کسی کو زندگی دینے کا ایک بڑا ذریعہ بن گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب کوئی شخص مرنے کے بعد اپنا جسم عطیہ کرتا ہے تو آٹھ سے نو لوگوں کو نئی زندگی ملنے کا امکان ہوتا ہے۔ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ آج ملک میں اعضاء کے عطیہ کے بارے میں بیداری بھی بڑھ رہی ہے۔ سال 2013 میں ہمارے ملک میں اعضاء عطیہ کرنے والوں کی تعداد پانچ ہزار سے بھی کم تھی لیکن 2022 میں یہ تعداد بڑھ کر 15 ہزار سے زائد ہو گئی، جن افراد نے اعضاء عطیہ کیے، ان کے اہل خانہ نے واقعی ایک عظیم کام کیا ہے۔ اس حوالے سے انہوں نے 39 دنوں کی پنجاب کی بچی ابابت کے اعضا عطیہ کرنے کی مثال دی اور اس کے بارے میں اس کی والدہ اور والد سے تفصیلی بات کی۔ اس بچی کا گردہ عطیہ کیا گیا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اعضا عطیہ کرنے کا سب سے بڑا احساس یہ ہے کہ جاتے جاتے بھی کسی کا بھلا ہوجائے، کسی کی جان بچ جائے۔

وزیراعظم نے کہا کہ خواتین ہر میدان میں اپنا پرچم لہرا رہی ہیں اور اپنا الگ مقام پیدا کررہی ہیں۔ ایسی تمام خواتین، بیٹیاں ہندوستان اور ہندوستان کے خوابوں کو توانائی دے رہی ہیں۔ ناری شکتی کی یہ توانائی ہی ترقی یافتہ ہندوستان کی اصل طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نوراتر کا وقت ہے، شکتی کی پوجا کرنے کا وقت ہے۔ آج ہندوستان کی جو صلاحیت نئے سرے سے نکھر کر سامنے آرہی ہے، اس میں ہماری خواتین کی طاقت کا بہت بڑا کردار ہے۔ حال ہی میں ایسی بے شمار مثالیں ہمارے سامنے آئی ہیں۔ آپ نے ایشیا کی پہلی خاتون لوکو پائلٹ سریکھا یادو جی کو سوشل میڈیا پر ضرور دیکھا ہوگا۔ ایک اور ریکارڈ بناتے ہوئے سریکھا جی وندے بھارت ایکسپریس کی پہلی خاتون لوکو پائلٹ بھی بن گئی ہیں۔ آسکر جیتنے والے گنیت مونگا اور کارتیکی گونسالویس کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ان کی دستاویزی فلم ایلیفینٹ وسپرز نے آسکر جیت کر ملک کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کیلئے ایک اور حصولیابی بھابھا اٹومک ریسرچ سنٹر کی سائنسداں جیوتر مئی موہنتی نے بھی حاصل کی ہے۔ محترمہ جیوتر مئی کو کیمسٹری اور کیمیکل انجینئرنگ کے شعبے میں آئی یو پی اے سی کا خصوصی ایوارڈ ملا ہے۔ اس سال کے شروع میں ہی ہندوستان کی انڈر 19 خواتین کی کرکٹ ٹیم نے ٹی 20 ورلڈ کپ جیت کر تاریخ رقم کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سیاست میں ناگالینڈ میں ایک نئی شروعات ہوئی ہے۔ ناگالینڈ میں 75 سال میں پہلی بار دو خواتین ایم ایل اے جیت کر اسمبلی میں پہنچی ہیں۔ ان میں سے ایک کو ناگالینڈ حکومت میں وزیر بھی بنایا گیا ہے۔ ریاست کے لوگوں کو پہلی بار ایک خاتون وزیر بھی ملی ہیں۔ ترکی کے زلزلہ زدہ علاقوں میں امداد کیلئے جانے والی نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کی خواتین ارکان کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پوری دنیا میں ان کی ہمت اور مہارت کو سراہا جارہا ہے۔

'من کی بات' کے 100 ویں ایڈیشن کیلئے تجاویز طلب

نئی دہلی، (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 100 ویں ایڈیشن کیلئے تجاویز طلب کی ہیں۔ آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ پروگرام 'من کی بات' کے 99 ویں ایڈیشن میں اتوار کو قوم سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ ہمارا اور آپ کا 'من کی بات' کا یہ ساتھ اپنے 99 ویں پائیدان پر پہنچ گیا ہے۔ مجھے اس بات کی بھی خوشی ہے کہ 'من کی بات' کے 100 ویں ایڈیشن کو لے کر ملک کے لوگوں میں کافی جوش وخروش ہے۔ مجھے بہت سارے پیغامات، فون کالز آرہی ہیں۔ آج جب ہم آزادی کا امرت کال منا رہے ہیں، نئی قراردادوں کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں، تو 100 ویں 'من کی بات' کے حوالے سے آپ کی تجاویز اور خیالات جاننے کیلئے بے چین ہوں۔ میں آپ کی تجاویز کا بے صبری سے انتظار کر رہا ہوں۔ اگرچہ ہمیشہ انتظار ہوتا ہے لیکن اس بار انتظار کچھ زیادہ ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ یہ تجاویز اور خیالات ہی 30 اپریل کو ہونے والے 100 ویں 'من کی بات' کو مزید یادگار بنائیں گے۔

نکہت کے بعد لولینا کا گولڈن پنچ ☐ ہندوستان کی جھولی میں 4 گولڈ میڈل

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

ہندوستان کی ہونہار باکسر نکہت زرین نے اتوار کو خواتین کی عالمی باکسنگ چیمپئن شپ میں ویتنام کی تھی ٹام نگوین کو 0-5 سے شکست دے کر مسلسل دوسری بار عالمی چیمپئن بن گئی۔ نکہت جنہوں نے پچھلی بار 52 کلوگرام زمرے میں عالمی چیمپئن شپ جیتی تھی، دوبار کے ایشیائی چیمپئن نگوین کو شکست دے کر 50 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغہ جیتا۔ نکہت نے پہلا راؤنڈ 0-5 سے جیتا لیکن ویتنامی باکسر نے اچھی واپسی کرتے ہوئے دوسرا راؤنڈ 2-3 سے جیت لیا۔ نکہت نے فیصلہ کن راؤنڈ میں گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا۔ نکہت دوسری ہندوستانی باکسر ہیں، جنہوں نے عالمی چیمپئن شپ میں دو بار گولڈ میڈل جیتا ہے۔ نکہت زرین کے بعد لولینا نے بھی ورلڈ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا ہے۔ اولمپک کانسہ کا تمغہ جیتنے والی لولینا بورگوہین نے دو بار کامن ویلتھ گیمز میں میڈل جیتنے والی آسٹریلیا کی کیٹلن پارکر کے خلاف کامیابی حاصل کی۔ لولینا نے اتوار کو 75 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغہ جیتا۔ واضح رہے کہ ہندوستان ٹورنامنٹ میں اب تک 4 گولڈ میڈل جیت چکا ہے۔ نکہت اور لولینا سے پہلے میری کوم (2002، 2005، 2006، 2008، 2010 اور 2018) 6 بار یہ کارنامہ انجام دے چکی ہیں۔

(تفصیلی خبر کھیل کھلاڑی صفحہ 10 پر)

اقتدار میں آتے ہی مسلمانوں کیلئے ریزرویشن کریں گے بحال

شیوکمار نے اقلیتوں کے 4 فیصد ریزرویشن کو ختم کرنے کے کرناٹک سرکار کے فیصلہ کو غیر آئینی قرار دیا

بنگلورو، (ایجنسیاں)

کرناٹک حکومت کے اقلیتوں کے 4 فیصد ریزرویشن کو ووکالنگا اور لنگایت کمیونٹی کو دینے کے فیصلے پر سیاست گرم ہوگئی ہے۔ کانگریس لیڈر ڈی کے شیوکمار نے اس معاملے پر حکومت پر سخت حملہ بولا ہے۔ ڈی کے شیوکمار نے کہا کہ کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعد اقلیتوں کیلئے ریزرویشن کو بحال کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ کرناٹک حکومت کے فیصلے کے تحت ووکالنگا اور ویرشیو-لنگایت برادریوں کو اب تعلیمی اداروں اور ملازمتوں میں 2-2 فی صد ریزرویشن کا فائدہ ملے گا۔ کانگریس لیڈر ڈی کے شیوکمار نے حکومت کے اس فیصلے کو غیر آئینی قرار دیا۔ شیوکمار نے کہا کہ 'وہ (حکومت) سمجھتے ہیں کہ ریزرویشن کو جائیداد کی طرح تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ یہ جائیداد نہیں بلکہ حق ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ اقلیتوں کیلئے 4 فیصد ریزرویشن ختم کرکے کسی بڑی کمیونٹی کو دیا جائے۔ وہ (اقلیتی برادری کے لوگ) ہمارے بھائی اور خاندان کے افراد ہیں۔ کرناٹک پردیش کانگریس کے صدر نے کہا کہ ووکالنگا اور لنگایت بھی اس پیشکش کو مسترد کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی اگلے 45 دنوں میں اقتدار میں آئے گی اور کابینہ کے پہلے ہی اجلاس میں اقلیتوں کیلئے ریزرویشن کو بحال کیا جائے گا۔ ڈی کے شیوکمار نے بتایا کہ آئندہ انتخابات میں بی جے پی کی شکست یقینی ہے۔ اتوار کو ہی بیدر میں ایک جلسہ عام کے دوران مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اقلیتوں کیلئے مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن کو غیر آئینی قرار دیا تھا۔ امیت شاہ نے کہا کہ کانگریس نے خوشامد کی سیاست کے سبب ملک کیلئے قربانی دینے والے اور حیدرآباد کی آزادی کیلئے کام کرنے والے لوگوں کو یاد نہیں کیا۔ اقلیتوں کو دیا گیا ریزرویشن آئین کے مطابق نہیں تھا۔ آئین میں مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن دینے کا کوئی بندوبست نہیں ہے، لیکن کانگریس نے خوشامد کی سیاست کی وجہ سے اقلیتوں کو ریزرویشن کا فائدہ دیا تھا۔

اوقاتِ سحر وافطار 2023

نام شہر	وقت افطار	ختم سحری
دہلی	6:35	4:59
نوئیڈا	6:38	4:55
غازی آباد	6:36	4:56
سہارنپور	6:35	4:52
دیوبند	6:35	4:52
نجیب آباد	6:35	4:47
نگینہ	6:35	4:47
مظفرنگر	6:35	4:52
کھتولی	6:37	4:50
بلندشہر	6:34	4:52
مرادآباد	6:33	4:45
کانٹھ	6:33	4:45
سکندرآباد	6:37	4:54
رام پور	6:33	4:36
افضل گڑھ	6:35	4:47
میرٹھ	6:39	4:50
علی گڑھ	6:35	4:50
میوات	6:37	4:57
چنڈی گڑھ	6:38	4:55
ہاپوڑ	6:35	4:57
بدایوں	6:32	4:43
شاملی	6:36	4:57
چاندپور	6:35	4:47
گنگوہ	6:35	4:52
نورپور	6:35	4:47
خورجہ	6:36	4:56
بجنور	6:35	4:47
حسن پور	--	--
موانہ	--	--

فقہ جعفریہ

افطار کے لیے 10 منٹ اضافہ کریں
سحری کے لیے 10 منٹ کم کریں

نوٹ: یہ نظام الاوقات احتیاط کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے۔ اگر کسی جگہ فرق ہو تو فوراً مطلع کریں۔ (ادارہ)

پرگتی میدان میں خالصتانی پرچم لگانے کی دھمکی ☐ امریکہ میں ہندوستانی سفارتخانہ پر احتجاج ☐ صحافی کے ساتھ بدسلوکی

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

خالصتان حامیوں نے دہلی کے پرگتی میدان میں ترنگا اتار کر خالصتانی پرچم لگانے کی دھمکی دی ہے۔ یہ دھمکی ایک آڈیو پیغام کے ذریعہ دی گئی ہے، جس میں خالصتان حامیوں نے کہا ہے کہ وہ پرگتی میدان پر قبضہ کرلیں گے اور ہندوستانی پرچم کو نیچے اتاریں گے۔ اس آڈیو پیغام میں وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ کے بارے میں قابل اعتراض الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے خالصتان حامی امرت پال سنگھ کا بھی ذکر کیا ہے۔ شکایت کی بنیاد پر دہلی پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ اسی دوران خالصتانیوں نے واشنگٹن ڈی سی، امریکہ میں ہندوستانی سفارت خانہ کے باہر مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ہندوستانی سفیر ترنجیت سنگھ سندھو کو دھمکی دی اور ہندوستان کو 'ٹیرر ڈپلومیسی' (دہشت گردی کی سفارت کاری) کا چہرہ قرار دیا۔ ہفتہ کے روز واشنگٹن ڈی سی سفارت خانہ کے باہر مظاہرین نے ایک ہندوستانی نامہ نگار سے بدسلوکی کی تھی۔ پولیس نے آئی جی آئی ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن میں آئی پی سی کی دفعہ 153، 153اے اور 505 کے تحت مقدمہ درج کیا ہے۔ واشنگٹن ڈی سی میں خالصتانیوں نے سفارت خانہ کے سامنے لاؤڈ اسپیکر پر کہا کہ یہ پیغام حکومت ہند اور ان کے سفیر ترنجیت سنگھ سندھو کیلئے ہے، جو آزاد دنیا میں دہشت گردی کی سفارت کاری کا چہرہ ہیں۔ ہم اسے یاد دلانا چاہتے ہیں کہ یہ قطعی طور پر ناقابل قبول ہے کہ آپ اقلیتوں کو مارتے ہیں، عیسائی خواتین کی عصمت دری کرتے ہیں اور معصوم سکھوں، مسلمانوں، ناگالینڈ کے لوگوں کو مارتے ہیں اور پھر یہاں آکر کہتے ہیں کہ آپ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہیں۔ اس منافقت کو ختم کرنے کا وقت آگیا ہے۔ ادھر واشنگٹن میں مقیم ایک ہندوستانی صحافی للت کے جھا نے ٹویٹر پر یہ اطلاع دی کہ ان پر خالصتان کے حامیوں نے حملہ کیا جب وہ ہفتہ کو ہندوستانی سفارت خانہ کے باہر خالصتان کے حامیوں کے مظاہروں کی رپورٹنگ کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ خالصتان کے حامیوں نے ان کے بائیں کان پر 2 چھڑی ماریں۔ انہوں نے ایک ویڈیو شیئر کیا جس میں 2 خالصتان حامی ان کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہوئے نظر آئے۔ ٹویٹ میں انہوں نے سیکرٹ سروس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے مجھے بچایا ورنہ میں اسپتال سے یہ پیغام لکھ رہا ہوتا۔

کینیڈا میں خالصتان حامیوں کے احتجاج پر ہندوستان کا سخت ردعمل

نئی دہلی/اوٹاوا، (ایجنسیاں)

کینیڈا میں ہندوستانی قونصل خانہ کے باہر خالصتانی حامیوں کے مظاہرے پر حکومت ہند نے نئی دہلی میں موجود کینیڈین ہائی کمشنر کو طلب کیا۔ وزارت خارجہ نے ان سے پوچھا کہ اگر وہاں سیکورٹی موجود تھی تو مظاہرین مشن کی عمارت تک کیسے پہنچے؟ ہندوستان کو اس غفلت پر سخت اعتراض ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان ارندم باگچی نے کہا کہ حکومت ہند نے کینیڈا سے جواب مانگا ہے۔ ہم نے پوچھا کہ خالصتان حامی پولیس کی موجودگی کے باوجود ہمارے سفارتی مشن اور قونصل خانہ تک کیسے پہنچے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ کینیڈا کی حکومت ہمارے سفارت کاروں اور مشنز کے تحفظ کیلئے ضروری اقدامات کرے گی۔ باگچی نے کہا کہ ہم نے کینیڈا کی حکومت کو ویانا کنونشن کے تحت ان کی ذمہ داریاں یاد دلائی ہیں۔ ہم نے ان سے کہا ہے کہ وہ ایسے افراد کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی کریں جو پہلے ہی ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ اس سے قبل ہفتہ کے روز کینیڈا کی وزیر خارجہ میلانی جولی نے کہا تھا کہ ہم پنجاب میں ہونے والی پیش رفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ہاؤس آف کامنز میں ایک سوال کے جواب میں میلانی نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ جلد ہی سب کچھ نارمل ہو جائے گا۔ کینیڈا کی حکومت ہمیشہ اپنے شہریوں اور ہر کمیونٹی کے بہترین مفادات کے لیے کام کرتی رہے گی۔

جب آپ کے بال کنگھے کے ساتھ گرنے لگیں تو ....
آپ مایوس نہ ہوں
ایسی حالت میں نسرینا ہیئر ٹانک کا استعمال شروع کریں
یہ بالوں کو وقت سے پہلے سفید ہونے اور گرنے سے روکتا ہے۔
سر کی خشکی دور کرتا اور گہری و پرسکون نیند لاتا ہے۔
نسرینا بالوں کو لمبا، گھنا، سیاہ اور چمکدار بناتا ہے۔
نسرینا سر درد کو آرام دیتا اور دماغی تھکاوٹ دور کرتا ہے۔
آپ کے بالوں کا محافظ
نسرینا ہیئر ٹانک
NASREENA HAIR TONIC
Available at amazon
Distributor DELHI M. S. BROTHERS 9213785855
MEERUT Al-Hind Unani Distributors 9837015174
Mfd. by: NEW ROYAL PRODUCTS Mob. 7678343147